# اقوال حضرت امام جواد علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>

## حدیث (۱)

قال الامام محمد التقی علیہ السلام:"من عمل علی غیر علم افسد اکثر مما یصلح " ( ۱ )

" جو شخص بغیر علم و آگہی کے عمل انجام دیتا ہے وہ اصلاح کرنے کے بجائے فساد زیادہ کرتا ہے "۔

## حدیث (۲)

المومن یحتاج الی ثلاث خصال : توفیق من اللہ ، و واعظ من نفسہ ، وقبول ممن ینصحہ "(۲ )

" با ایمان افراد تین چیزوں کے محتاج ہیں ۔ توفیق خد ا، وعظ نفس و قلب ، اور نصیحت کرنے والوں کی نصیحت کے "۔

## حدیث (۳)

"اعلم انک لن تخلوا من عین اللہ فانظر کیف تکون " ( ۳)

" یہ جان لو کہ خدا وند عالم کی نگاہوں سے بچ کر کہیں نہیں جا سکتے ،لہذا ابھی دیکھو کس حال میں ہو "۔

## حدیث (۴)

" لو کانت السماوات والارض رتقا علی عبد ثم اتقی اللہ تعالیٰ جعل اللہ لہ منھا مخرجا "(۴)

" اگر زمین و آسمان کے دروازے کسی پر بند ہو جائیں اسکے بعد وہ تقویٰ و پرہیز گاری اختیار کرلے تو خدا وند عالم اسکے تمام امور میں گشائش پیدا کر دے گا "۔

## حدیث (۵)

" الدنیا سوق ربح فیھا و خسر آخرون " (۵)

” دنیا ایک بازار ہے جس میں ایک قوم فائدہ اٹھاتی ہے اور دوسری نقصان“۔

## حدیث (۶)

” اظهار الشئی قبل ان یستحکم مفسدة له “ (۶)

” کسی بھی چیز کو مستحکم ہونے سے پہلے اظہار و بیان کرنا تباہی کا سبب ہے “۔

## حوالہ:

۱۔منتهی الامال
۲۔منتهی الامال
۳۔تحف العقول
۴۔ نور الابصار ص ۱۵۰
۵۔تحف العقول ص۸۸۰
۶۔تحف العقول ص ۸۲۶